15 جون 2021ء

اسٹیٹ بینک نے وی آئی ایس اور پاکرا کی بیرونی قرضہ جانچ کے اداروں کے طور پر حیثیت بحال کر دی

بینک دولت پاکستان نے پاکستان میں کام کرنے والی دونوں کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں یعنی "وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی کمپنی لمیٹڈ (وی آئی ایس)" اور "دی پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا)" کی حیثیت اہل / تسلیم شدہ بیرونی قرضہ جاتی جانچ کے اداروں (ECAIs) کے طور پر کیلنڈر سال 2021ء کے لیے بحال کر دی ہے۔

بازل فریم ورک کا معیاری طریقہ کار استعمال کرنے والے بینک اور ڈی ایف آئیز کو اجازت ہے کہ وہ CAR معلوم کرنے کے لیے وی آئی ایس اور پاکرا کی دی گئی کریڈٹ ریٹنگز استعمال کر سکتے ہیں۔

***